**GYMSHARK**

## ضابطۂ اخلاق

Gymshark کا وژن پیشرفت اور اختراع کے گرد مرتکز ہے، اور یہ ہم جو پروڈکٹس تخلیق کرتے ہیں ان سے بہت آگے تک جاتا ہے۔ ہم اپنے سپلائی چین سمیت، اپنی پوری کمیونٹی پر ہم جو اثر ڈالتے ہیں اس کو بڑھانے کی بھی کوشش کرتے ہیں۔

Gymshark برانڈ اور اس کے پروڈکٹس کی تیاری میں شامل ہر کوئی ہماری فیملی کا حصہ ہے، اور عملہ کی بہبود اور حالات سے متعلق ہماری قانونی، اخلاقی اور عادلانہ اقدار کی کارپوریٹ تکمیل کا مستحق ہے۔ ہم Gymshark میں تعاون کرنے والے ہر شخص کے ساتھ منصفانہ برتاؤ کی اپنی ذمہ داری کے تئیں خلوص برقرار رکھتے ہیں۔ ہم پر یہ یقینی بنانا لازم ہے کہ سپلائروں اور الحاق یافتگان سمیت، Gymshark کے تمام پارٹنرز کے ذریعے یہ خلوص شیئر کیا جاتا ہے۔

Gymshark کا ضابطۂ اخلاق تمام پارٹنرز کے لیے جائے کار کے مطلق اقل معیارات کو بتاتا ہے۔ یہ بنیادی اقدار مقصد نہیں ہیں؛ بلکہ وہ جوابدہی ہیں۔ Gymshark تمام پارٹنرز اور سپلائرز کے ساتھ ہم شراکتی طور پر کام کرے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ سپلائی چین سے لے کر جِم والے فلور تک – ہر ٹچ پوائنٹ پر – ہمارا برانڈ ایک مثبت برانڈ ہے۔

آخر کار، Gymshark اس امر کا اثبات کرتی ہے کہ کمپنی کے ساتھ فعال طور پر وابستہ ہر کوئی ملازمین کی گنتی میں ایک اثاثہ نہیں ہے بلکہ افراد کی کمیونٹی میں ایک شخص ہے۔

## ملازمت کا رشتہ

ہر پارٹنر پر ملازمت کے ان اصولوں اور شرائط کو اختیار کرنا اور ان کی پابندی کرنا لازم ہے جو اپنے ملازمین کو احترام کرتے ہوں اور، کم از کم، ملکی و بین الاقوامی محنت اور سوشل سیکیورٹی کے قوانین اور ضوابط کے تحت ان کے حقوق کی نگہبانی کرتے ہوں۔ پارٹنر کے لیے سارا کام تسلیم شدہ ملازمت کے رشتے کا حصہ ہونا ضروری ہے، جو ملکی قانون اور طرز عمل سے تشکیل یافتہ ہو۔ ہوم ورک کے انتظامات کی Gymshark کے پروڈکٹس کی تیاری کے لیے اجازت نہیں ہے۔

## امتیازی سلوک ممنوع ہے

یہ یقینی بنانا پارٹنر کی ذمہ داری ہے کہ تمام ملازمین اور درخواست دہندگان کو ملازمت، بشمول بھرتی، مشغولیت کی شرائط و ضوابط، کام کرنے کے حالات، معاوضہ، ترقی، تربیت، موقوفی یا سبکدوشی کے معاملوں میں صنف، نسل، مذہب، عمر، معذوری، جنسی رجحان، قومیت، سیاسی رائے، سماجی گروپ یا نسلی بنیاد پر امتیازی سلوک کا مستوجب نہیں بنایا جاتا ہے۔

## ہراسانی یا بدسلوکی ممنوع ہے

پارٹنر پر یہ یقینی بنانا لازم ہے کہ ہر ملازم کے ساتھ احترام اور وقار کا برتاؤ کیا جاتا ہے، اور یہ کہ ملازمین کو جسمانی، جنسی، نفسیاتی یا زبانی ہراسانی یا بدسلوکی کا مستوجب نہیں بنایا جاتا ہے۔ اس طرح کے رویے کی تمام دھمکیاں سختی کے ساتھ ممنوع ہیں۔

## پسند کے کام کی آزادی

پارٹنرز کو جبری مزدوری، بشمول قیدی مزدوری، پابند مزدوری، بندھوا مزدوری، یا جبری مزدوری کی دیگر شکلیں ہرگز بھی استعمال نہیں کرنی چاہئیں، اور تمام کارکنان کو لازمی طور پر پارٹنر کے ماتحت ملازمت کے لیے رضاکارانہ طور پر منتخب کیا گیا ہو۔ پارٹنر کی طرف سے ہر سر ملازمت کسی کو بھی کام حاصل کرنے کے لیے "ڈیپازٹس" کروانے، یا اپنے شناختی کاغذات پارٹنر کے ساتھ رکھوانے پر مجبور نہ کیا جائے اور ہر کسی کو معقول نوٹس کے بعد پارٹنر کو چھوڑنے میں آزاد ہونا ضروری ہے۔

## بچہ مزدوری ممنوع ہے

کوئی بھی پارٹنر – بلا واسطہ طور پر یا بالواسطہ طور پر – 15 سال سے کم عمر، لازمی تعلیم کی تکمیل کے لیے ملکی عمر سے کم، یا کام کرنے کی ملکی قانونی عمر سے کم کسی بھی شخص کو بحال نہیں کرے گا۔ کسی بھی حال میں کوئی پارٹنر 18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو رات میں یا ضرر رساں حالات میں کام کرنے کے لیے بحال نہیں کرے گا۔

## وابستگی کی آزادی اور اجتماعی سودا کاری کا احترام کریں

ہر پارٹنر وابستگی کی آزادی اور اجتماعی سودا کاری کے اپنے ملازمین کے حق کو، اور تجارتی انجمنوں میں یا ان کی اپنی پسند کی دوسری قسم کی ملازم کی تنظیم میں شامل ہونے یا انہیں تشکیل دینے کے ان کے حق کو تسلیم اور اس کا احترام کرے گا۔

## محفوظ جائے کار

پارٹنر پر کام کرنے کے ماحول میں خلقی ضرر کے اثرات کو - مقول حد تک جس قدر بھی قابل عمل ہو - کم کر کے کام کی انجام دہی سے پیدا شدہ، اس سے وابستہ یا اس میں پیش آنے والے حادثات اور صحت کو لاحق ہونے والے ضرر کو روکنے کے لیے موزوں اور مناسب اقدامات اختیار کر کے ایک محفوظ اور صحت مند جائے کار فراہم کرنا لازم ہے۔ متعلقہ پارٹنر پر قابل اطلاق صحت و سلامتی کے تمام قانون کی پابندی لازماً کی جائے اور ہر پارٹنر لازماً یہ یقینی بنائے کہ ان کے ملازمین کو باقاعدہ اور ریکارڈ شدہ صحت و سلامتی کی تربیت موصول ہوتی ہے۔

## کام کرنے کے اوقات اور اوور ٹائم

ملازمت والے ملک کے قانون کی رو سے اجازت یافتہ باقاعدہ اور اوور ٹائم کے گھنٹوں کی خلاف ورزی کوئی بھی پارٹنر ہرگز نہ کرے۔ باقاعدہ کام کے ہفتوں کے گھنٹے 48 گھنٹوں سے تجاوز ہرگز نہ کریں۔ پارٹنر پر کارکنان کو ہر سات دن کی مدت میں کم از کم لگاتار 24 گھنٹے آرام کی سہولت دینا لازم ہے۔ کسی ملازم کے ذریعے انجام دیا گیا کوئی بھی اوور ٹائم کام باہمی رضامندی سے ہونا ضروری ہے۔ پارٹنر کو مستقل بنیاد پر اوور ٹائم کی درخواست ہرگز نہیں کرنی چاہیے اور تمام اور ٹائم کام کا معاوضہ پریمیم شرح سے دیں گے۔ استثنائی حالات کو چھوڑ کر، باقاعدہ اور اوور ٹائم کے گھنٹوں کا کل میزان 60 گھنٹے سے زائد ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔

## معاوضہ منصفانہ ہو

ہر پارٹنر کو یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ تمام ملازمین کو باقاعدہ کام کے ہفتے کے لیے معاوضہ کا حق ہے جو ملازم کی بنیادی گزارے کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے کافی ہو اور صوابدید پر مبنی کچھ آمدنی فراہم کریں۔ پارٹنر پر لازم ہے کہ باقاعدہ کام کاجی ہفتے کے لیے تمام ملازمین کی اجرتیں ادا کرے جس سے کم از کم متعلقہ ملکی اقل اجرت یا مناسب مروجہ اجرت پوری ہوتی ہو، جو بھی زیادہ ہو، اور قانونی طور پر واجب کردہ تمام مراعات فراہم کریں۔ پارٹنر پر لازم ہے کہ اپنے ملازمین کو ادائیگی کی ہر مدت کے لیے ان کی اجرتوں کا ایک واضح اور

تفصیلی اکاؤنٹ فراہم کریں اور وہ غیر قانونی طور پر یا تادیبی مقاصد سے کٹوتیاں نہیں کر سکتے۔ جہاں معاوضہ سے کارکنان کی بنیادی ضرورتیں پوری نہ ہوتی ہوں اور صوابدید پر مبنی کچھ آمدنی فراہم نہیں ہوتی ہو وہاں ہر پارٹنر Gymshark کے ساتھ کام کر کے مناسب کارروائیاں کرے گا جو ارتقائی طور پر معاوضہ کی ایسی سطح کا ادراک کرنا چاہتا ہو جس سے وہ ضرورتیں پوری ہوں۔

## ماحول کا احترام کیا جاتا ہے

پارٹنر پر تمام قابل اطلاق، انضباطی، ماحولیاتی تقاضے، بشمول لیکن بلا تحدید پانی، کیمیکل، توانائی، ہوا، آواز اور کچرے کے نظم و نسق کی پابندی کرنا لازم ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ جائے کار سے ہونے والے منفی ماحولیاتی اثرات کم سے کم ہیں۔

## نگرانی

Gymshark کے ضابطۂ اخلاق پر پارٹنر کے عمل پیرا ہونے کا جائزہ مشاورت کے عمل کے ذریعے لیا جائے گا۔ مشاورت کے عمل کی رہنمائی Gymshark یا اس کے مجاز نمائندوں کے ذریعے کی جا سکتی ہے اور ان کا اہتمام ورچوئل طریقے سے یا آن سائٹ ملاقاتوں کے ذریعے ہر 2 سال کی مدت میں کم از کم ایک بار کیا جا سکتا ہے۔ مشاورتی سرگرمیوں میں کارکن اور مینیمجنٹ کے انٹرویوز، دستاویزات کا جائزہ، سائٹ ٹؤر اور کارکنان کے لیے پارٹنر کی فراہم کردہ سہولت تک رسائی بلا تحدید شامل ہیں۔ Gymshark اس پورے عمل میں Gymshark کے نمائندوں کا خیر مقدم کرنے اور ان کا پورا تعاون فراہم کرنے کی توقع کرتی ہے۔
جو پارٹنرز فیئر لیبر ایسوسی ایشن (Fair Labor Association) کے شرکت کنندہ سپلائرز ہیں اور جنہوں نے سماجی تعمیل کے اپنے پروگراموں کا الحاق کروایا ہے ان کے لیے، Gymshark ان کی سہولیات کے مدنظر مشاورتی سرگرمیوں کی فریکوئنسی کم کر سکتی ہے۔

## مسلسل اصلاح کا عہد

اگر کوئی پارٹنر ضابطے کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا جاتا ہے جس کے نتیجے میں مشترکہ تندرستی کی دستاویزی شہادت میں تفصیل سے درج کارکنان کی بنیادی ضروریات کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو، Gymshark قرار داد کی کارروائی کے ذریعے اس کی تلافی کرنے کے لیے فسیلیٹی کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔
Gymshark کے ساتھ آئندہ کاروبار قرار داد کے عمل میں پارٹنر کی مشغولیت اور مسلسل اصلاح کے عہد کے ساتھ مشروط ہے۔ اگر کوئی پارٹنر مسلسل اصلاح کا پابند عہد نہیں ہوتا ہے یا Gymshark کی اقدار سے ہم آہنگ نہیں ہوتا ہے تو یہ کاروبار میں گراوٹ کا یا بالآخر سورسنگ کے رشتے سے اخراج کا سبب بن سکتا ہے۔

## ہم آپ کی بات سن رہے ہیں

ہر کسی کی بات سننے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر آپ Gymshark سے براہ راست بات کرنا چاہیں تو آپ ہم سے گمنام طور پر اور اپنی پسند کی زبان میں اس پر رابطہ کر سکتے ہیں:
https://report.syntrio.com/gymshark یا reports@syntrio.com (ای میلز میں کمپنی کا نام رپورٹ کے ساتھ شامل ہونا ضروری ہے)

ایسی صورت میں کہ آپ اپنی فسیلیٹی یا Gymshark کی طرف سے جواب سے مطمئن نہ ہوں، آپ فیئر لیبر ایسوسی ایشن کے شکایات چینل سے اس پر رابطہ کر سکتے ہیں: TPC@fairlabor.org۔